## سوال

(176)مکہ میں اقامت کے دوران حاجی کے لئے نماز کا قصر کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حاجی اگر مکہ میں چار دن سے زیادہ اقامت اختیار کرے تو اس کے لئے نماز قصر کرنے کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر حاجی کی مکہ مکرمہ میں اقامت چار دن یا اس سے کم مدت کے لئے ہو تو اس کے لئے سنت یہ ہے کہ چار رکعتوں والی نماز کی دو رکعت پڑھے کیونکہ نبی کریم ﷺ کا حجة الوداع کے موقعہ پر یہی عمل تھا اور اگر چار دن سے زیادہ مقیم رہنے کا ارادہ ہو تو پھر احتیاط یہ ہے کہ نماز پوری پڑھے ، چنانچہ اکثر اہل علم کا یہی قول ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

# ص296

محدث فتویٰ